نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21-ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب ''زیادہ گندم اگاؤ'' مہم کے تحت منعقدہ گندم کے پیداواری مقابلہ جات میں صوبائی اور ڈویژنل سطح پر کامیاب کاشتکاروں میں انعامات تقسیم کرنے کی پروقار تقریب کا ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں انعقاد

وزیرزراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی کی تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت، کاشتکاروں میں انعامات تقسیم کئے

وزیراعلیٰ کے ویژن کے تحت کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری کی سہولیات متعارف کرائی جارہی ہیں تاکہ پیداوار میں اضافہ اور لاگت میں کمی ممکن ہوسکے۔سید عاشق حسین کرمانی

لاہور، 13 اگست 2025: وزیراعلیٰ پنجاب ''زیادہ گندم اگاؤ'' مہم کے تحت منعقدہ گندم کے پیداواری مقابلہ جات میں صوبائی اور ڈویژنل سطح پر کامیاب کاشتکاروں میں انعامات تقسیم کرنے کی پروقار تقریب لاہور میں منعقد ہوئی۔اس موقع پر گرین ٹریکٹر پروگرام کے دوسرے مرحلے کی درخواستوں کے پورٹل کا باضابطہ آغاز بھی کیا گیا۔تقریب میں صوبائی وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی مہمانِ خصوصی تھے جبکہ پارلیمانی سیکرٹری زراعت اسامہ خان لغاری اور سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے بھی شرکت کی۔

صوبائی سطح پر پہلی پوزیشن ضلع جھنگ کے کاشتکار مظفر محمود نے 69.96 من فی ایکڑ گندم پیدا کر کے حاصل کی اور 85 ہارس پاور ٹریکٹر انعام میں حاصل کیا۔ضلع قصور کے محمد افضل نے 69.87 من فی ایکڑ پیداوار پر 75 ہارس پاور ٹریکٹر جیتا جبکہ ڈیرہ غازی خان کے شاہد عباس خان نے 69.72 من فی ایکڑ پیداوار پر 60 ہارس پاور ٹریکٹر حاصل کیا۔سید عاشق حسین کرمانی نے کامیاب کاشتکاروں کو ٹریکٹرز کی چابیاں اور کاغذات اپنے ہاتھوں سے پیش کیے۔تقریب میں لاہور ڈویژن میں گندم کے انعامی مقابلہ میں اول، دوئم اور سوئم آنے والے کاشتکاروں میں بالترتیب 10 لاکھ، 8 لاکھ اور 5 لاکھ کے چیک بھی تقسیم کئے گئے

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ "وزیراعلیٰ پنجاب کی ترجیحات میں کاشتکاروں کی خدمت اور خوشحالی سرفہرست ہے۔ وزیراعلیٰ کے ویژن کے تحت کاشتکاروں کو جدید زرعی مشینری کی سہولیات متعارف کرائی جارہی ہیں تاکہ پیداوار میں اضافہ اور لاگت میں کمی ممکن ہوسکے"۔انہوں نے بتایا کہ گرین ٹریکٹر پروگرام کے

دوسرے مرحلے میں 75 سے 125 ہارس پاور تک کے 10 ہزار ٹریکٹرز کاشتکاروں کو فراہم کیے جائیں گے، جن پر فی ٹریکٹر 10 لاکھ روپے سبسڈی دی جائے گی۔ سید عاشق حسین کرمانی نے مزید کہا کہ پنجاب ایگریکلچر ٹرانسفارمنگ پروگرام کے تحت بلا سود قرضوں کی اسکیم، ایگری مالز کا قیام، گندم سپورٹ پروگرام کے ذریعے کسان کارڈ پر 75 ارب روپے کی فراہمی اور 12.5 ایکڑ یا اس سے زیادہ رقبے پر گندم کاشت کرنے والے کاشتکاروں میں ایک ہزار ٹریکٹرز کی مفت تقسیم جیسے منصوبے کامیابی سے جاری ہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ وزیراعلیٰ پنجاب اگلی گندم کی کاشت سے قبل کسانوں کی معاونت کے لیے 100 ارب روپے کے خصوصی پیکیج کا اعلان کریں گی۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ حکومت صوبے میں فارم میکنا ئزیشن کے فروغ، فصلوں کی پیداواری لاگت میں کمی اور معیاری زرعی مداخل کی فراہمی کے لیے کئی منصوبے جاری رکھے ہوئے ہے۔ یہ اقدامات کاشتکاروں کی آمدنی بڑھانے اور زرعی شعبے کی ترقی کے لیے سنگ میل ثابت ہوں گے۔

تقریب کے اختتام پر صوبائی وزیر زراعت نے نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے افسران میں سرٹیفکیٹس تقسیم کیے، جن میں ڈائریکٹر جنرل زراعت توسیع چوہدری عبدالحمید، ڈائریکٹر جنرل زرعی اطلاعات پنجاب نوید عصمت کاہلوں اور دیگر افسران شامل تھے۔ تقریب میں ایڈیشنل سیکرٹری زراعت پلاننگ عامر شہزاد کنگ، ایڈیشنل سیکرٹری زراعت ٹاسک فورس پنجاب محمد شبیر احمد خان، گندم کے کاشتکاروں اور ٹریکٹر انڈسٹری کے نمائندگان نے شرکت کی

☆☆☆☆